سوال

مغرب کی نماز نہیں پڑھی تھی کہ عشاء کی جماعت کھڑی ہوگئی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں مسجد میں داخل ہوا تو نماز عشاء کی جماعت کھڑی تھی لیکن نماز شروع کرنے سے پہلے مجھے یاد آیا کہ میں نے تو مغرب کی نماز نہیں پڑھی۔ تو کیا اس صورت میں میں پہلے نماز مغرب ادا کروں۔ اور پھر جماعت میں شامل ہوجائوں یا نماز مغرب عشاء کی نماز کے بعد ادا کرلوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب آپ مسجد میں آئیں اور نماز عشاء کھڑی ہو اور آپ کو یاد آئے کہ آپ نے تو مغرب کی نماز ہی نہیں پڑھی تو اس صورت میں آپ نماز مغرب کی نیت کے ساتھ جماعت میں شامل ہوجائیں جب امام چوتھی رکعت کے لئے اٹھے تو آپ تین پڑھ کر بیٹھیں رہیں انتظار کریں اور جب امام سلام پھیرے تو اس کے ساتھ سلام پھیر دیں اہل علم کے صحیح قول کے مطابق اس صورت میں امام اور مقتدی کی نیت کا اختلاف نقصان دہ نہیں ہے۔ اور اگر آپ اکیلے نماز مغرب ادا کرلیں اور پھر نماز عشاء کا جو حصہ پائیں اسے جماعت سے ادا کرلیں تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص409

محدث فتویٰ